© rasailojaraid.com



## عظمت حدیث

حضرت مولانا عبدالغفار حسن رحمانی کا شمار برصغیر کے ممتاز اہلحدیث علما میں ہوتا ہے جو اپنے معتدل مزاج اور متواضع شخصیت کے باعث تمام علمی حلقوں میں احترام کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں اور برسہا برس تک تعلیمی خدمات سرانجام دینے کے بعد اب اسلامی نظریاتی کونسل کے رکن کی حیثیت سے نفاذ اسلام کے محاذ پر سرگرم عمل ہیں۔

زیر نظر کتاب مولانا موصوف کے ان مقالات و مضامین پر مشتمل ہے جن میں انہوں نے حدیث نبوی ﷺ کے تعارف اور اس کی ضرورت و اہمیت کے ساتھ ساتھ منکرین حدیث کی طرف سے مختلف حوالوں سے حدیث کے خلاف پھیلائے جانے والے شبہات اور مغالطوں پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ کتاب میں مولانا عبدالغفار حسن کے والد محترم مولانا عبدالستار حسن، دادا محترم مولانا عبدالجبار عمرپوری اور فرزند ڈاکٹر صہیب حسن صاحب کے مقالات بھی شامل ہیں اور اس طرح یہ کتاب حدیث رسول ﷺ کی اہمیت و حجیت کے بارے میں ایک علمی خاندان کی چار پشتوں کے مقالات و مضامین کا قابل قدر مجموعہ بن گئی ہے۔

ساڑھے چار سو کے لگ بھگ صفحات پر مشتمل اس کتاب کی قیمت ۷۲ روپے ہے اور دارالعلم، ۶۹۹، آب پارہ مارکیٹ اسلام آباد سے طلب کی جا سکتی ہے۔

## ذکر الٰہی اور دعائیں

مولانا عبدالغفار حسن نے دعا کی اہمیت اور آداب کے ساتھ ساتھ قرآن کریم اور احادیث نبوی ﷺ سے اہم دعاؤں کا انتخاب پیش کیا ہے۔ صفحات ۸۰ ہیں۔ قیمت درج نہیں اور رباط العلوم الاسلامیہ ۲۶۸ عالمگیر روڈ کراچی سے حاصل کی جا سکتی ہے۔



© rasailojaraid.com